بینک دولت پاکستان

شعبہ بینکاری برتاؤ اور تحفظ صارف

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی سی اینڈ سی پی ڈی سرکلر نمبر برائے2020ء **30نومبر2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / مائیکروفنانس بینک

محترم / محترمہ

<u>خصوصی افراد کے لیے قابل رسائی بینکاری ڈھانچہ</u>

براہِ مہربانی سی پی ڈی سرکلر نمبر02 برائے2014ء اور بی پی آر ڈی سرکلر نمبر04 برائے2016ء ملاحظہ فرمائیے، جن میں دیگر امور کے علاوہ بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کو خصوصی افراد کے لیے بینکاری کے قابل رسائی انفراسٹرکچر کے حوالے سے بعض اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

2۔اس ضمن میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اب سے تمام بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کے لیے لازمی ہو گا کہ وہ اپنے کاروبار کے تمام نئے یا موجودہ مقامات (علاوہ موبائل بینکاری یونٹس) پر ریمپس (ramp) تعمیر کریں تاکہ معذور افراد اور وہیل چیئرز استعمال کرنے والے حضرات کو ان مقامات تک رسائی میں سہولت مل سکے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے انہیں دو سال کی مدت میں اپنے موجودہ کاروباری مقامات پر ریمپ کی تعمیر کے لیے اپنا ایکشن پلان ضمیمہ الف میں دیے گئے مجوزہ فارمیٹ پر31 دسمبر2020ء تک اسٹیٹ بینک میں جمع کروانا ہو گا۔ علاوہ ازیں، متعلقہ بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کی سینئر منیجمنٹ پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو ایکشن پلان پر مجموعی پیش رفت کی ذمہ دار ہو گی۔ مزید برآں، نفاذ کی سہ ماہی رپورٹ ضمیمہ ب اور ضمیمہ ج کے مجوزہ فارمیٹ پر ہر سہ ماہی ختم ہونے کے 15 دن کے اندر اس شعبے میں جمع کرائی جانی چاہیے۔ چنانچہ آئندہ سے سی پی ڈی سرکلر نمبر02 برائے2014ء کے تحت ششماہی گوشوارے جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

3۔ مزید برآں، سی پی ڈی سرکلر نمبر06 برائے2014ء کے ذریعے جاری شدہ ہدایات ملاحظہ فرمائیے جن میں بینکوں / مائیکروفنانس بینکوں کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہے کہ وہ بصارت سے محروم / نابینا افراد کی بینکاری اور مالی خدمات تک مساویانہ رسائی یقینی بنائیں، اس ضمن میں آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ ہدایات پر عملدرآمد کی رپورٹ بھی ضمیمہ د میں دیے گئے فارمیٹ پر31 دسمبر2020ء تک جمع کروائیں۔

4۔ تاہم اس موضوع پر تمام دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

5۔ براہ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

منسلکات

(i)ضمیمہ الف۔ 2 سالہ ایکشن پلان

(ii)ضمیمہ ب۔ سہ ماہی نفاذ رپورٹ

(iii)ضمیمہ ج۔ کاروبار کے مقامات کی تفصیلات، جہاں سہ ماہی کے دوران ریمپس تعمیر کیے گئے ہیں

(iv)ضمیمہ د۔ بصارت سے محروم / نابینا افراد کے متعلق اسٹیٹ بینک کی ہدایات پر عملدرآمد میں پیش رفت

آپ کا مخلص

(آصف محمود)

ڈائریکٹر